# گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین

## یزمان








# پراسپیکٹس

# 2023-24

GOVT. ASSOCIATE COLLEGE FOR WOMEN
YAZMAN
FAITH • UNITY • DISCIPLINE

website: www.gacwyaz.edu.pk Email: gdcwyazman@gmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رَبِّ زِدْنِی عِلْمًا

# پراسپیکٹس

## گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان

2023-2024

سرپرست اعلیٰ : مس ثمینہ یاسمین

مشاورت: مس نگہت حمید

معاونین : مس رابعہ رحمٰن     مس سمیرا شبیر     مس مبین اعجاز

website: www.gacwyaz.edu.pk     Email: gdcwyazman@gmail.com



## قائداعظم کا پیغام

علم تلوار سے بھی زیادہ طاقتور ہے۔اس لئے علم کو اپنے ملک میں بڑھائیں تو کوئی آپکو شکست نہیں دے سکتا۔

## شاعر مشرق علامہ اقبال کا پیغام



دیکھے تو زمانے کو اگر اپنی نظر سے
افلاک منور ہوں تیرے نور سحر سے
خورشید کرے کسبِ ضیا تیرے شرر سے
ظاہر تری تقدیر ہو میسحائے قمر سے

## کالج پرنسپل

پرنسپل ادارے کا سربراہ ہوتا ہے اور کالج کے تمام امور کا براہ راست ذمہ دار ہوتا ہے۔

### قیام سے تاحال کالج پرنسپل

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ چوہدری منیر احمد (پروجیکٹ ڈائریکٹر) | 14-09-2004 | تا | 09-01-2005 |
| 2۔ مس سلمٰی خان (پرنسپل) | 10-01-2005 | تا | 14-09-2008 |
| 3۔ طاہر احمد عباسی (D.D.O) | 15-09-2008 | تا | 14-03-2009 |
| 4۔ مس فریدہ نزہت باجوہ (D.D.O) | 15-03-2009 | تا | 13-11-2009 |
| 5۔ مس نگہت حمید (پرنسپل) | 14-11-2009 | تا | 29-07-2010 |
| 6۔ مس طاہرہ اختر (انچارج پرنسپل) | 30-07-2010 | تا | 28-02-2011 |
| 7۔ مس عظمٰی شاہین (پرنسپل) | 01-03-2011 | تا | 27-09-2011 |
| 8۔ مس طاہرہ اختر (انچارج پرنسپل) | 28-09-2011 | تا | 18-11-2011 |
| 9۔ مس انیلا یاسمین (پرنسپل) | 19-11-2011 | تا | 05-03-2012 |
| 10۔ مس طاہرہ اختر (انچارج پرنسپل) | 06-03-2012 | تا | 20-03-2012 |
| 11۔ مس رخسانہ یاسمین (پرنسپل) | 21-03-2012 | تا | 19-06-2018 |
| 12۔ مس اِم کلثوم نفیسہ (D.D.O) | 20-06-2018 | تا | 31-05-2019 |
| 13۔ مس عنیزہ اسلم (پرنسپل) | 01-06-2019 | تا | 26-11-2022 |
| 14۔۔ مس ثمینہ یاسمین (D.D.O) | 27-11-2022 | | تاحال |

# فہرست


| نمبر شمار | ترتیب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | پرنسپل کا پیغام | 3 |
| 2 | تعارف | 4 |
| 3 | تدریسی عملہ | 5 |
| 4 | غیر تدریسی عملہ و انتظامی کمیٹیاں | 6 |
| 5 | طالبات کیلئے سہولیات | 8 |
| 6 | تعارف برائے تعلیمی پروگرام | 11 |
| 7 | داخلے کے قواعد وضوابط | 11 |
| 8 | داخلے کا طریقہ کار اور ہدایات برائے تکمیل داخلہ فارم | 12 |
| 9 | انتخابی مضامین برائے انٹرمیڈیٹ اور ADP کلاسز | 13 |
| 10 | واجبات کی تفصیل برائے انٹرمیڈیٹ اور ADP کلاسز | 16 |
| 11 | قوانین برائے فیس معافی | 18 |
| 12 | قوانین برائے تبدیلی مضامین | 18 |
| 13 | یونیفارم، حاضری و رخصت کے قواعد اور جرمانے | 19 |
| 14 | دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے قواعد | 21 |
| 15 | کالج ٹیسٹ/ مڈٹرم امتحانات کا شیڈول اور قواعد وضوابط | 21 |
| 16 | لائبریری کے قواعد وضوابط | 22 |
| 17 | کالج سٹوڈنٹ کارڈ | 23 |
| 18 | پراکٹوریل بورڈ | 24 |
| 19 | طالبات کے لیے ضابطہ اخلاق | 24 |
| 20 | تادیبی سزائیں | 25 |
| 21 | محترم والدین کے لیے ضروری گزارشات | 26 |
| 22 | کالج سٹوڈنٹ کارڈ فارم | 28 |

# پرنسپل کا پیغام

عزیز طالبات اسلام علیکم!

میں تمام نئی آنے والی طالبات کو گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان میں خوش آمدید کہتی ہوں اور آپکو یقین دلاتی ہوں کہ آپ نے حصول تعلیم کے لیے ایک بہترین ادارے کا انتخاب کیا ہے۔ آپ اس ادارے کا فخر ہیں۔ میں آپ سب سے امید کرتی ہوں کہ آپ محنت و یکسوئی سے حصول علم کے لیے کوشاں رہیں گی، نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں گی اور ہر میدان میں کامیابیوں کی نئی بلندیوں کو چھوئیں گی۔ ہمارے کالج نے لاتعداد طالبات کے مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ بطور پرنسپل میرا مشن ہے کہ اس ادارے میں آپ کو عقلی مفکر، روشن خیال اور متوازن شخصیت میں ڈھلنے کے تمام مواقع مہیا کئے جائیں۔ تا کہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ نہ صرف پرسکون گھریلو زندگی گزاریں بلکہ ملکی سالمیت و ترقی اور تعمیر وطن میں بھرپور حصہ لے سکیں۔ آپ خوش قسمت ہیں کہ آپکو اس ادارے میں تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا۔ اس ادارے کی انفرادیت مثالی ماحول اور بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنے میں مضمر ہے۔

عزیز طالبات! آیئے! زندگی میں کامیابی حاصل کرنے اور عزائم و اہداف کی تکمیل کی خاطر اپنے رجحان اور فطری استعداد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنے مضامین کا انتخاب کریں اور نظم و ضبط اور محنت کو اپنا شعار بناتے ہوئے کامیابی کی منزل کی جانب سفر شروع کریں۔ آپ کے انتہائی قابل اساتذہ کی رہنمائی اور بھرپور کوششیں یقینی طور پر آپ کو ایک خوشگوار اور کامیاب زندگی فراہم کریں گی۔ ان شاء اللہ ہم اپنے محدود وسائل میں رہتے ہوئے اپنی تمام سہولیات کو دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔

آیئے مل کر عہد کریں کہ شاندار مستقبل اور روشن نتائج کے لیے ثابت قدمی اور پورے جوش و لگن کے ساتھ ہم اپنی ذمہ داریاں خلوص نیت اور جان نثاری سے ادا کریں اور اپنے پیارے وطن پاکستان کی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

پرنسپل

مس ثمینہ یاسمین

# تعارف

یزمان جنوبی پنجاب کے ضلع بہاولپور کی سب سے بڑی اور تیزی سے ترقی کرتی ہوئی تحصیل ہے جس کا نام شام کے علاقے بلخ کے ایک شہر یزمان کے نام پر رکھا گیا۔ یزمان تقریباً آٹھ دہائیوں پرانا شہر ہے جسے چولستان کے علاقے میں ایک انتظامی یونٹ کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے قائم کیا گیا تھا۔ یزمان کو چولستان کا گیٹ وے بھی کہا جاتا ہے۔ جس کی آبادی تقریباً سات لاکھ نفوس پر مشتمل ہے۔ علاقے میں خواتین کے لیے اعلیٰ تعلیم کا کوئی ادارہ نہ ہونے کی وجہ سے بچیاں سالہا سال سے 32 کلومیٹر دور بہاولپور روزانہ تعلیم کی خاطر سفر کرتی تھیں۔

لہذا خواتین کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے پیش نظر 21 ستمبر 2004 کو علاقے کے واحد اعلیٰ تعلیمی ادارے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان کا قیام عمل میں لایا گیا۔ کالج کا آغاز تحصیل ہیڈکواٹر ہسپتال یزمان کی پرانی بلڈنگ میں کیا گیا۔ ضلع ناظم بہاولپور چوہدری طارق بشیر چیمہ نے اپنے دست مبارک سے کالج کا افتتاح کیا۔ آپ کی خصوصی کاوشوں کے نتیجے میں 4 کروڑ روپے کی لاگت سے کالج کی موجودہ بلڈنگ کی تعمیر عمل میں آئی، جو کہ 19 ایکڑ رقبے پر مشتمل ہے۔

ادارہ ھذا کا شمار بہاولپور ڈویژن کے بہترین تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے جو انٹرمیڈیٹ اور ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام اور بہترین تعلیمی سہولیات کے ساتھ علاقے کی خواتین کی تعلیم وتربیت میں مصروف عمل ہے۔

اللہ تبارک وتعالی اس ادارے کو دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا کرے۔ آمین

# سربراہ ادارہ

## مس ثمینہ یاسمین

## تدریسی عملہ

**شعبہ تاریخ**

مس نگہت حمید — وائس پرنسپل

**شعبہ انگلش**

مس مستبشرہ معین — لیکچرار

مس عائشہ ایوب غوری — لیکچرار

**شعبہ اُردو**

ڈاکٹر رابعہ رحمان — اسسٹنٹ پروفیسر

خالی — لیکچرار

**شعبہ فزکس**

مس ثمینہ یاسمین — اسسٹنٹ پروفیسر

مس نیہا فاروق — لیکچرار

**شعبہ زوالوجی**

مس مبین اعجاز — لیکچرار

**شعبہ بائیولوجی**

مس ثناء حیات — لیکچرار

**شعبہ کیمسٹری**

مس ثمرہ جاوید — لیکچرار

**شعبہ کمپیوٹر سائنس**

خالی — لیکچرار

**شعبہ ریاضی**

مس عائشہ نعیم — لیکچرار

**شعبہ صحت وجسمانی تعلیم**

مس سمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر

**شعبہ کامرس**

مس اقراء محبوب — لیکچرار

**شعبہ اکنامکس**

ڈاکٹر سدرہ نعیم — لیکچرار

**شعبہ نفسیات**

مس ثناء فاطمہ — لیکچرار

**شعبہ اسلامیات**

مس حافظہ ماہ گل — لیکچرار

**شعبہ سرائیکی**

ڈاکٹر روبینہ شہناز — لیکچرار

**شعبہ پنجابی**

مس رخسانہ کوثر — لیکچرار

**شعبہ پولیٹکل سائنس**

خالی — لیکچرار

**لائبریری**

مس فروا بتول — لائبریرین

# غیر تدریسی عملہ اور انتظامی کمیٹیاں

## دفتری عملہ

| | |
|---|---|
| حسن محمد خالد | ہیڈ کلرک |
| محمد آصف | سنیئر کلرک |
| کاشف ندیم | سنیئر کلرک |
| خالی | جونیئر کلرک |
| خالی | جونیئر کلرک |

## لیبارٹری عملہ

| | |
|---|---|
| محمد عبداللہ | لیبارٹری سپروائزر |
| خالی | سنیئر لیکچرار اسسٹنٹ |
| خالی | سنیئر لیکچرار اسسٹنٹ |
| خالی | لیکچرار اسسٹنٹ |
| خالی | لیکچرار اسسٹنٹ |
| محسن غفور | لیبارٹری اٹینڈنٹ |
| خرم شہزاد | لیبارٹری اٹینڈنٹ |
| خالی | لیبارٹری اٹینڈنٹ |
| خالی | لیبارٹری اٹینڈنٹ |
| خالی | لیبارٹری اٹینڈنٹ |

## لائبریری عملہ

| | |
|---|---|
| خالی | لائبریری کلرک |

## ملازمین درجہ چہارم

| | |
|---|---|
| برکت علی | نائب قاصد |
| محسن رضا | نائب قاصد |
| حمیر انیم | نائب قاصد |
| ساجد یعقوب | مالی |
| جہانزیب اللہ ڈیوایہ | مالی |
| شوکت علی | چوکیدار |
| غیاث صلاح الدین | چوکیدار |
| محمد سعید | چوکیدار |
| محبوب مسیح | خاکروب |

## انتظامی کمیٹیاں

### کالج کونسل

| | | |
|---|---|---|
| مس ثمینہ یاسمین | پرنسپل | چیئرپرسن |
| مس نگہت حمید | وائس پرنسپل | سیکرٹری |
| ڈاکٹر رابعہ رحمن | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| مس سمیرا شبیر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| مس مبین اعجاز | لیکچرار | ممبر |
| مس عائشہ نعیم | لیکچرار | ممبر |
| ڈاکٹر سدرہ نعیم | لیکچرار | ممبر |

### کالج ایڈوائزری/ڈسپلن کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| مس ثمینہ یاسمین | پرنسپل | چیئرپرسن |
| مس نگہت حمید | وائس پرنسپل | سیکرٹری |
| ڈاکٹر رابعہ رحمن | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| مس سمیرا شبیر | اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| مس مبین اعجاز | لیکچرار | ممبر |
| مس ماہ گل | لیکچرار | ممبر |
| ڈاکٹر سدرہ نعیم | لیکچرار | ممبر |

**امتحانی کمیٹی**

| | | |
|---|---|---|
| مس ثمین اعجاز | لیکچرار | کنٹرولر |
| مس عائشہ نعیم | لیکچرار | اسسٹنٹ کنٹرولر |
| مس ثناء حیات | لیکچرار | معاون |
| مس ثناء فاطمہ | لیکچرار | معاون |

**ابتدائی طبی امداد / سپورٹس / ڈسپنسری کمیٹی**

مس ثمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**فیس معافی و ہلال احمر کمیٹی**

مس ثمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**یونیفارم و جرمانہ کمیٹی**

مس ماہ گل — لیکچرار — انچارج

**ٹائم ٹیبل کمیٹی**

مس عائشہ نعیم — لیکچرار — انچارج

**کینٹین کمیٹی**

مس ثمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**پراپرٹی، فرنیچر و الیکٹرسٹی آئیٹم کیئر کمیٹی**

ڈاکٹر سدرہ نعیم — لیکچرار — انچارج

**اینٹی ڈینگی کمیٹی**

مس ثمین اعجاز — لیکچرار — انچارج

**داخلہ / دوبارہ داخلہ / تبدیلی مضامین کمیٹی**

مس ثمین اعجاز — لیکچرار — انچارج

**کمیٹی برائے ADP (سال سوئم)**

مس ثمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**پیراکٹوریل بورڈ**

ڈاکٹر رابعہ رحمن — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**Quality Enhacement Cell**

مس ثمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**شجرکاری و صاف و سرسبز پاکستان کمیٹی**

مس ثناء حیات — لیکچرار — انچارج

**سٹوڈنٹ ہیلتھ پروفائل کمیٹی**

ڈاکٹر رابعہ رحمن — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**صفائی کمیٹی**

مس ثمیرا شبیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج

**وظائف / سکالرشپ کمیٹی**

مس نگہت حمید — وائس پرنسپل — PEEF انچارج

# طالبات کے لیے سہولیات

جدید سہولیات سے آراستہ تعلیمی ادارے میں داخلہ ہر طالبعلم کا خواب ہوتا ہے۔ تعلیمی ادارے میں طالبات کافی وقت گزارتی ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ ادارے میں وہ تمام بنیادی سہولیات موجود ہوں جو انہیں دل جمعی سے تعلیم حاصل کرنے میں مدد کریں۔ طالبات کو انفرادی یا گروپ پروجیکٹ میں ہر طرح کی مدد فراہم کی جائے۔ تعلیمی ماحول پرسکون ہو۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان تحصیل کا واحد ادارہ ہے جہاں یہ تمام سہولیات موجود ہیں جو کسی بھی طالبعلم کا خواب ہو سکتی ہیں۔

## 1۔وسیع کلاس رومز:

کلاس رومز کا مثبت ماحول طالبات کو اپنے خیالات کے اشتراک، سوالات پوچھنے اور اپنی تعلیم میں موجود چیلنجز کا مقابلہ کرنے میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ کالج میں طالبات کے لیے تدریسی معاونات سے مزین ایسے ہی روشن کشادہ ہوادار اور صاف ستھرے کلاس رومز موجود ہیں جہاں طالبات کی نصابی تعلیم کے ساتھ دینی واخلاقی تربیت بھی کی جاتی ہے۔

## 2-تعلیمی امتیازات

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان میں تعلیمی معیار اور نظم وضبط کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ اساتذہ اور سربراہ ادارہ کی کوششوں سے گزشتہ برسوں میں تعلیمی معیار میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم، اساتذہ کی رہنمائی اور طالبات کی اپنی محنت کی بدولت کالج سے فارغ التحصیل طالبات زندگی کے تمام شعبوں میں اپنا نام بنا رہی ہیں۔ خواہ وہ اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے مختلف شعبوں میں تدریسی فرائض ہوں، بنک ہوں، ہسپتال ہوں، سرکاری یا پرائیویٹ سکول ہوں یا فوج ہو، ہماری طالبات ہر شعبے میں اپنی الگ پہچان رکھتی ہیں۔

## 3۔کھیلوں میں اعزازات:

کالج طویل مدت سے کھیل کے میدان میں نہ صرف تحصیل یزمان بلکہ بہاولپور ڈویژن میں اپنی الگ پہچان رکھتا ہے۔ یہاں کھیلوں کے لیے کشادہ میدان ہیں۔ جن میں طالبات کیلئے والی بال، کرکٹ، بیڈمنٹن اور اتھلیٹکس کیلئے ہر سہولت موجود ہے۔ کالج میں ہر سال کھیلوں کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں بورڈ / یونیورسٹی کے تحت ہونیوالے مقابلہ جات میں شرکت کیلئے طالبات کو اساتذہ کے ہمراہ والدین کی اجازت سے بھیجا جاتا ہے۔ کالج کی شاندار کامیابیوں میں سے چند درج ذیل ہیں۔

- 2014ء میں کالج کرکٹ ٹیم نے ڈویژن میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے صوبائی سطح پر مقابلوں کیلئے کوالیفائی کیا۔
- سال 2023 میں ہماری طالبات نے ڈویژن کی سطح پر نیزہ بازی میں پہلی، گولہ پھینکنے میں پہلی، ریلے ریس (4x400) میں دوسری اور والی بال میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ کالج نے تحصیل کی سطح پر کرکٹ میں پہلی اور ہاکی میں بھی پہلی پوزیشن حاصل کی۔ ان تمام کھیلوں میں کامیابی حاصل کرنے والی طالبات کو سربراہ ادارہ کی جانب سے سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات سے نوازا گیا۔
- رواں سال سیکنڈ ائیر کی طالبہ فرزانہ بی بی نے آل پاکستان انٹر بورڈ والی بال چیمپئن شپ میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور 10,000 نقد انعام حاصل کیا۔

## 4۔ہم نصابی سرگرمیاں/تقریبات:

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج ایک منفرد ادارہ ہے جہاں مختلف ہم نصابی سرگرمیوں اور تقریبات کے ذریعہ طالبات کی تخلیقی سوچ اور سماجی و تنظیمی مہارتوں کو بڑھانے کے دلچسپ مواقع مہیا کیے جاتے ہیں۔ طالبات کی کردار سازی، صحت، دینی وسائنسی آگہی اور یادگار دنوں کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے مختلف سیمینار، واک، لیکچرز،

کانفرنسز، تقریری و کوئز مقابلہ جات کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں سیرت النبی کانفرنس، مقابلہ حسن قرات و نعت، آرٹس و سائنسی نمائش، یوم اقبالؒ، یوم قائدؒ، یوم یکجہتی کشمیر سمیت دیگر نصابی و غیر نصابی سرگرمیاں شامل ہیں۔

### 5۔ سالانہ سپورٹس گالا:

سپورٹس گالا ایک سالانہ کھیلوں کی تقریب ہے جہاں کالج کی تمام طالبات اپنی اساتذہ کرام کے ہمراہ مختلف کھیلوں میں حصہ لیتی ہیں اور آپس میں مقابلے کرتی ہیں جس سے طالبات اور اساتذہ کے درمیان نہ صرف ایک پر اعتماد فضا قائم ہوتی ہے۔ بلکہ طالبات کو جسمانی سرگرمیوں کی اہمیت سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ مختلف مقابلوں میں جیتنے والی طالبات کو سربراہ ادارہ کی جانب سے تحفے اور انعامات بھی دیے جاتے ہیں۔

### 6۔ والدین اور اساتذہ کی میٹنگ (PTM):

کالج میں والدین اور اساتذہ کی میٹنگ کے ذریعے والدین اور اساتذہ طالبات کی تعلیم میں رکاوٹ بننے والے مسائل کے حل کے لیے لائحہ عمل طے کرتے ہیں اور ان کے سیکھنے کے عمل کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ مزید برآں طالبات کو خود پر کام کرنے، تعلیمی کارکردگی کو بہتر بنانے اور اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے کی ترغیب ملتی ہے۔ انہیں احساس ہوتا ہے کہ ان کے اساتذہ اور والدین ان کا قریب سے مشاہدہ کر رہے ہیں۔ اور ان کی بہترین کارکردگی اور تعلیمی و غیر نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے فکرمند ہیں۔

### 7-کالج میگزین:

کالج نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی ایک بہترین ادارہ ہے۔ کالج ہذا کا ادبی مجلہ خرمن طالبات اور اساتذہ کی تخلیقی و ادبی صلاحیتوں اور علمی مہارتوں کا بھرپور ترجمان ہے۔ ادبی مجلہ خرمن سالانہ بنیادوں پر شائع کیا جاتا ہے جو کہ سال دوم اور سمسٹر (IV) کی طالبات کو اعزازی طور پر دیا جاتا ہے۔

### 8-ڈسپنسری:

کالج میں طالبات کے لیے ایک ڈسپنسری قائم کی گئی ہے جہاں بوقت ضرورت طالبات کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی جاتی ہے۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم کی زیر نگرانی طالبات کو RCC پروگرام کے تحت ٹریننگ بھی کروائی جاتی ہے۔

### 9-واٹر فلٹر پلانٹ:

طالبات کو صاف اور ٹھنڈا پانی مہیا کرنے کے لیے RO واٹر فلٹر پلانٹ اور الیکٹرک واٹر کولر کی سہولت موجود ہیں جہاں ہر وقت صاف اور ٹھنڈا پانی دستیاب ہوتا ہے۔

### 10-وظائف سکالرشپ:

کالج میں طالبات کی تعلیمی معاونت کیلئے وظائف کا ایک مربوط نظام موجود ہے ان وظائف میں PEEF سکالرشپ، رحمت اللعالمین سکالرشپ، مورا سکالرشپ، میرٹ سکالرشپ، بیت المال سکالرشپ اور BISP سکالرشپ شامل ہیں۔ وظائف کی اطلاع نوٹس بورڈ کے ذریعے وقتاً فوقتاً طالبات تک پہنچائی جاتی ہے۔

### 11-کمپیوٹر لیب:

کالج میں جدید لیپ ٹاپس اور کمپیوٹرز سے آراستہ لیب موجود ہے جس میں طالبات کو عصر حاضر کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیجیٹل خواندگی اور IT کی تعلیم دی جاتی ہے۔

### 12-جدید سائنس لیبارٹریز:

کالج میں جدید سائنسی آلات سے آراستہ فزکس، کیمسٹری، بائیولوجی، زوولوجی، باٹنی، سائیکالوجی اور فزیکل ایجوکیشن کی کشادہ لیبارٹریز موجود ہیں۔ جہاں انٹر اور ADP کے عملی امتحانات کا تمام سامان موجود ہے۔

## 13_CCTV کیمرے:

طالبات کو محفوظ تعلیمی ماحول مہیا کرنے کے پیش نظر کالج کے مختلف مقامات پر CCTV کیمرے نصب کیے گئے ہیں جن کے ذریعے ہمہ وقت کالج کی تمام تنصیبات اور اندرونی و بیرونی سرگرمیوں کی نگرانی کی جاتی ہے۔

## 14-تعلیمی وتفریحی دورے:

تعلیمی وتفریحی دورے طالبات کو حقیقی دنیا کا تجربہ حاصل کرنے، مختلف تقاضوں کیلئے ان کے ذہنوں کو کھولنے، دریافت کی خوشی اور سفر کے ذریعے نئی چیزیں سیکھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ کالج کی طرف سے بھی تعلیمی وتفریحی دوروں کا اہتمام کیا جاتا ہے تاکہ طالبات اور اساتذہ کے لئے نظریے کو جذب کرنے، بات چیت کرنے اور علمی طور پر سمجھنے کے مواقع فراہم کئے جائیں۔

## 15-لائبریری:

لائبریری کسی بھی ادارے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان میں ایک بہترین اور منظم لائبریری موجود ہے جو کہ طالبات اور اساتذہ کرام کی تحقیقی، تعلیمی، ثقافتی، اخلاقی اور معاشرتی نشوونما میں مفید کردار ادا کر رہی ہے۔ کالج لائبریری میں اسلام، تاریخ، سائنس، ادب، زبان دانی، سمیت مختلف موضوعات پر مشتمل تقریباً 4205 کتب اور رسائل کا وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ طالبات کو حالات حاضرہ سے باخبر رکھنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر قومی اخبار بھی منگوایا جاتا ہے۔

## 16-کالج کینٹین:

کالج میں کینٹین کی سہولت موجود ہے جہاں سے طالبات معیاری اشیائے خورد و نوش اور اسٹیشنری مقرر کردہ نرخوں پر خرید سکتی ہیں۔ کالج کینٹین کی نگرانی اور بہتری کیلئے کینٹین کمیٹی قائم کی گئی ہے جو اشیاء کے نرخ اور معیار کا جائزہ لیتی ہے۔ طالبات کینٹین سے متعلق کسی بھی قسم کی شکایت کینٹین کمیٹی کو تحریری صورت میں جمع کروا سکتی ہیں۔ درست شکایت کی صورت میں کمیٹی اندریں تین یوم چھان بین کے بعد فیصلہ صادر کرنے کی پابند ہوگی۔

## تعارف برائے تعلیمی پروگرام

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین میں درج ذیل 02 تعلیمی پروگرام موجود ہیں۔

| نمبر شمار | ڈگری | نظام تعلیم | دورانیہ |
|---|---|---|---|
| 1 | انٹرمیڈیٹ | سالانہ نظام | 2 سال |
| 2 | ADP | سمسٹر سسٹم (04 سمسٹر) | 2 سال |

### کالج الحاق:

چونکہ انٹرمیڈیٹ کی سطح پر کالج کا الحاق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاولپور (BISE BWP) اور ADP کی سطح پر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (IUB) سے ہے۔ لہٰذا انٹرمیڈیٹ اور ADP کے داخلوں کے ضمن میں انہیں اداروں کی جاری کردہ ہدایات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

### داخلے کا آغاز:

میٹرک اور انٹر کے نتائج کے اعلان کے بعد ہر سال بورڈ اور یونیورسٹی کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق داخلے شروع ہو جاتے ہیں۔ داخلہ کمیٹی متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں داخلے کا شیڈول تیار کرتی ہے جسے کالج نوٹس بورڈ پر آویزاں کیا جاتا ہے۔ مزید براں یہ شیڈول کالج کی Web Site پر بھی چیک کیا جا سکتا ہے جس میں فارم جمع کروانے کی تاریخ، میرٹ لسٹ اور واجبات کی ادائیگی کی تفصیل درج ہوتی ہے۔

**نوٹ!**

داخلے کی خواہش مند تمام طالبات اور والدین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ داخلہ فارم پر کرنے سے پہلے پراسپیکٹس کا بغور مطالعہ کریں۔ آپ کی طرف سے کی گئی کسی بھی غلطی یا اظہار لاعلمی کا ذمہ دار ادارہ نہ ہوگا۔

## داخلے کے قواعد و ضوابط

1- داخلہ قطعی میرٹ پر ہوگا کسی قسم کا دباؤ یا سفارش امیدوار کے حق میں نقصان دہ ثابت ہوگی۔

2- داخلہ فارم ہر لحاظ سے مکمل ہونا چاہیے۔ نامکمل داخلہ فارم مسترد شمار ہوگا۔ کالج میں مشروط داخلے نہیں کئے جاتے۔ بورڈ یا یونیورسٹی سے مکمل کامیاب قرار پانے والے امیدوار ہی داخلہ لینے کے اہل ہوں گے۔

3- سال اول میں داخلے کی عمر کی حد 18 سال ہے تاہم پرنسپل 05 سال کی رعایت دے سکتی ہے۔ اسناد کی نقول کسی گزٹیڈ آفیسر سے تصدیق شدہ ہونی چاہیں۔

4- انٹرویو کے وقت طالبات اپنی اصلی دستاویزات کے ہمراہ کمیٹی کے سامنے پیش ہوں گی۔

5- صرف پراسپیکٹس کے ساتھ منسلک داخلہ فارم ہی قابل قبول ہوگا۔

6- ایک سے زیادہ کیٹگری میں داخلے کی خواہش مند طالبات ہر کیٹگری کے لئے علیحدہ علیحدہ داخلہ فارم جمع کروائیں گی۔

7- داخلہ صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگا۔

اوپن میرٹ 95% ☆ اقلیتی میرٹ 2% ☆ معذوری کوٹہ 2% ☆ سپورٹس کوٹہ 1%

تاہم نشستوں کی تقسیم میں حکومت کی تازہ ترین ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔

8- سپورٹس کوٹہ صرف آرٹس میں ہوگا جس کیلئے کھیلوں میں نمایاں کارکردگی کا سرٹیفکیٹ جمع کروانا ضروری ہے۔

9- معذوری کوٹہ میں داخلے کیلئے داخلہ فارم کے ساتھ مجاز اتھارٹی کی طرف سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگا۔

10- مستحق طالبات اپنی فیس معافی کی درخواست داخلہ فارم کے ساتھ جمع کروائیں، فیس معافی کی شرح کا فیصلہ فیس معافی کمیٹی طالبہ کے انٹرویو کے بعد کرے گی۔

11- کسی بھی غلط بیانی یا حقائق کو چھپانے کے انکشاف پر کالج انتظامیہ داخلہ منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

12- آخری تاریخ وصولی داخلہ فارم کے بعد کوئی فارم قبول نہیں کیا جائے گا۔

13- داخلہ کمیٹی داخلے کی سفارش کرے گی۔ حتمی فیصلہ سربراہ ادارہ کا ہوگا جسے عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔

14- داخلہ نہ ملنے کی صورت میں اسناد کی نقول واپس نہیں کی جائیں گی۔

15- بہاولپور بورڈ سے باہر کی امیدواران حسب ضابطہ متعلقہ بورڈ کا جاری کردہ NOC بھی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں گی۔

16- حافظ قرآن امیدواران کو میرٹ میں 20 نمبر اضافی دیے جائیں گے بشرطیکہ داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹرڈ حفظ قرآن ادارے کا تصدیق نامہ لف ہو۔

17- داخلے کے وقت طالبات مضامین کا انتخاب سوچ سمجھ کر کریں۔ ایک مرتبہ مضامین کا انتخاب کر لینے کے بعد ان میں تبدیلی صرف ناگزیر حالات میں کی جاسکتی ہے۔

## داخلے کا طریقہ کار اور ہدایات برائے تکمیل داخلہ فارم

داخلے کی خواہش مند طالبات پراسپیکٹس میں موجود داخلہ فارم درج ذیل ہدایات کی روشنی میں پُر کریں گی۔ تکمیل شدہ داخلہ فارم مع کوائف فائل کی صورت میں مقررہ تاریخ سے پہلے کالج دفتر میں جمع کروانا ہوگا۔

نوٹ: انٹرمیڈیٹ سال اول میں داخلے کی خواہشمند طالبات داخلہ فارم جمع کروانے سے پہلے حکومت پنجاب کی ویب سائٹ www.ocas.punjab.gov.pk پر آن لائن بھی اپلائی کریں گی۔

<u>داخلہ فارم مکمل کرتے وقت تمام طالبات درج ذیل ہدایات کو مدنظر رکھیں۔</u>

1- جس کلاس انٹرمیڈیٹ/ADP میں داخلہ لینا مطلوب ہو اس پر (✓) کا نشان لگائیں۔

2- انٹرمیڈیٹ میں داخلے کے لیے مختص ذیلی گروپ میڈیکل/انجینئرنگ/ICS/آرٹس میں سے کسی ایک کا انتخاب کرکے (✓) کا نشان لگائیں۔

3- داخلہ کیٹگری میں سے کسی ایک کا انتخاب کر کے اس پر (✓) کا نشان لگائیں۔

4- انٹرمیڈیٹ میں داخلے کے لیے میٹرک رجسٹریشن نمبر اور ADP میں داخلے کے لیے انٹرمیڈیٹ کا رجسٹریشن نمبر درج کریں۔

5- نام اور ولدیت وہی لکھیں جو میٹرک رزلٹ کارڈ یا سرٹیفکیٹ پر درج ہو۔ Spelling بھی میٹرک سرٹیفکیٹ والے ہونے چاہیں۔

6- تاریخ پیدائش میٹرک رزلٹ کارڈ/سرٹیفکیٹ کے مطابق صحیح درج کریں۔

7- مستقل پتہ ڈومیسائل/شناختی کارڈ کے مطابق ہو اور موجودہ پتہ اگر مختلف ہو تو واضح کریں۔ فون نمبر، واٹس ایپ نمبر اور ای میل پتہ بھی لکھیں۔

8- داخلہ فارم میں تصویر کی مختص جگہ پر ایک تصویر چسپاں کریں جبکہ بقیہ تصاویر فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

9-امتحانی نتائج میں سال اول کی طالبات میٹرک جبکہ سال سوئم ADP کی طالبات میٹرک اور انٹر کے نمبر اور دیگر معلومات درج کریں۔

10-انٹرمیڈیٹ اور ADP طالبات پراسپیکٹس میں درج مضامین کے مطابق اختیاری مضامین کا انتخاب کریں۔

11-داخلہ فارم کے ساتھ تمام دستاویزات چیک لسٹ کے مطابق لف کریں۔

12-داخلہ فارم پر کٹنگ یا انک ریموور کا استعمال نہ کریں۔

13- داخلہ فیس بینک میں جمع کروانے کے بعد بینک واؤچر کی کاپی داخلہ کلرک کے پاس جمع کروانا ضروری ہے۔ نیز کسی کلرک یا آفیسر کو فیس/فنڈ/واجبات/جرمانے کی مد میں نقد رقم کی ادائیگی سختی سے منع ہے۔

## انتخابی مضامین برائے انٹرمیڈیٹ اور ADP کلاسز

### انتخابی مضامین برائے انٹرمیڈیٹ کلاس

ادارہ ہذا میں انٹرمیڈیٹ کی سطح پر سائنس اور آرٹس میں مندرجہ ذیل گروپس میں داخلے کی سہولت موجود ہے۔
تمام گروپس کیلئے درج ذیل مضامین لازمی ہوں گے۔

### لازمی مضامین برائے انٹرمیڈیٹ

1-انگریزی 2-اُردو 3-اسلامیات لازمی 4-مطالعہ پاکستان

### اختیاری مضامین برائے سائنس گروپ

سائنس گروپ کی طالبات کسی ایک گروپ کا انتخاب کریں اور داخلہ فارم پر گروپ کا نام ☑ کریں

| | | | |
|---|---|---|---|
| پری میڈیکل گروپ | فزکس | کیمسٹری | بائیولوجی |
| پری انجینئرنگ گروپ | فزکس | کیمسٹری | ریاضی |
| ICS-I | فزکس | کیمسٹری | ریاضی |
| ICS -II | کمپیوٹر | اکنامکس | ریاضی |

### اختیاری مضامین برائے آرٹس گروپ

آرٹس گروپ کی طالبات ہر گروپ میں سے صرف ایک مضمون کا انتخاب کریں گی۔

گروپI: اسلامیات اختیاری، فزیکل ایجوکیشن، لائبریری سائنس

گروپII: نفسیات، کمپیوٹر سائنس، تاریخ اسلام

گروپIII: سوکس، اکنامکس، سرائیکی، پنجابی

## انتخابی مضامین برائے ADP (سال اول)

ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (سال اول) دو سمسٹر پر مشتمل ہے

1- سمسٹر I　　　　2- سمسٹر II

### لازمی مضامین برائے سمسٹر I اور سمسٹر II

| | | | |
|---|---|---|---|
| Semester -I | IT Skill | Mathematics | English |
| Semester -II | Basic Health Awareness | Critical Thinking & Reasoning | English Literature |

### اختیاری مضامین برائے سمسٹر I اور سمسٹر II

نوٹ: داخلہ فارم مکمل کرتے وقت ہر طالبہ اپنے رجحان کے مطابق سمسٹر I اور سمسٹر II کیلئے تینوں گروپس میں سے 02،02 انتخابی مضامین کا انتخاب کرے گی کسی بھی ایک سمسٹر میں ایک گروپ میں سے ایک سے زیادہ مضامین اختیار نہیں کیے جا سکتے۔

| Group I<br>Natural science | Group II<br>Social Science | Group III<br>Art & Humanities |
|---|---|---|
| ☆ Chemistry<br>☆ Environmental Science<br>☆ Everyday Science<br>☆ Physics<br>☆ Zoology | ☆ Economics<br>☆ Political Science<br>☆ Psychology<br>☆ Library & Information Science | ☆ Urdu Literature/Iqbaliat<br>☆ Saraiki Language<br>☆ Saraiki Literature<br>☆ English Literature |

## انتخابی مضامین برائے ADP (سال دوئم)

ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام برائے (سال دوئم) دو سمسٹر پر مشتمل ہے۔

1- سمسٹر III    2- سمسٹر IV

### لازمی مضامین برائے سمسٹر III

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Semester–III | Constitution & Legal System of pakistan | Islamic Studies & Quran/Ethics (Non-Muslim) | Pakistan Studies | English Communication Skills |

نوٹ: سمسٹر IV مکمل طور پر اختیاری مضامین کے نصاب پر مشتمل ہے۔

### اختیاری مضامین برائے سمسٹر III اور سمسٹر IV

| Sr # | ADS | Sr # | ADA |
|---|---|---|---|
| 1 | Chemistry | 1 | Political Science |
| 2 | Physics | 2 | Economics |
| 3 | Mathematics | 3 | Islamiat |
| 4 | Zoology | 4 | Urdu |
| 5 | Psychology | 5 | Information Technology |
| | | 6 | English Literature |
| | | 7 | Physical Education |

ہر طالبہ مندرجہ بالا اختیاری مضامین میں سے کسی ایک مضمون کا انتخاب کرے گی۔ ہر اختیاری مضمون 6 کورسز پر مشتمل ہے جس میں سے ایک کورس سمسٹر III جبکہ باقی پانچ کورسز سمسٹر IV میں پڑھائے جائیں گے۔

نوٹ:۔ کسی بھی اختیاری مضمون میں طالبات کی تعداد 8 سے کم ہونے کی صورت میں کورس کا انعقاد نہیں کیا جائے گا۔

## واجبات کی تفصیل برائے انٹرمیڈیٹ اور ADP کلاسز

# واجبات کی تفصیل برائے انٹرمیڈیٹ (سال اول اور سال دوئم)

| نمبر شمار | فیس/فنڈ | پری میڈیکل | پری انجینئرنگ | ICS | آرٹس | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس | 65 | 65 | 80 | 80 | داخلے کے وقت |
| 2 | ٹیوشن فیس | 600 | 600 | 600 | 600 | سالانہ |
| 3 | لائبریری سیکورٹی فنڈ (قابل واپسی) | 500 | 500 | 500 | 500 | داخلے کے وقت |
| 4 | میڈیکل فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | سالانہ |
| 5 | ہلال احمر فنڈ | 60 | 60 | 60 | 60 | سالانہ |
| 6 | کالج ویلفیئر فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | سالانہ |
| 7 | کالج امتحانی فنڈ | 180 | 180 | 180 | 180 | سالانہ |
| 8 | جرمانہ فنڈ | بمطابق سفارشات کالج کمیٹی | | | | |
| 9 | میگزین فنڈ | 120 | 120 | 120 | 120 | سالانہ |
| 10 | برقعہ فنڈ | 100 | 100 | 100 | 100 | سالانہ |
| 11 | جنرل فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | سالانہ |
| 12 | بورڈ رجسٹریشن فیس | بمطابق بورڈ نوٹیفکیشن | | | | داخلے کے وقت |
| 13 | سائنس بریکج فنڈ | 180 | 120 | 60فی پریکٹیکل | 60فی پریکٹیکل | سالانہ |
| 14 | کالج شناختی کارڈ فنڈ | 50 | 50 | 50 | 50 | سالانہ |
| 15 | سپورٹس فنڈ | 180 | 180 | 180 | 180 | سالانہ |
| 16 | کمپیوٹر فنڈ | - | - | 300 | 300فی پریکٹیکل | سالانہ |

نوٹ تمام ادائیگیاں بذریعہ بنک چالان ہوں گی۔ چالان کی کاپی کالج دفتر میں جمع کروانا ضروری ہے

## واجبات کی تفصیل برائے ADP (سال اول اور سال دوئم)

| نمبر شمار | فیس/فنڈ | سال اول (سمسٹر I اور سمسٹر II) | سال دوئم (سمسٹر III اور سمسٹر IV) |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ فیس | 225 | - |
| 2 | ٹیوشن فیس | 720 | 750 |
| 3 | لائبریری سیکورٹی فنڈ (قابل واپسی) | 300 | - |
| 4 | میڈیکل فنڈ | 60 | 60 |
| 5 | ہلال احمر فنڈ | 60 | 60 |
| 6 | کالج ویلفیر فنڈ | 100 | 100 |
| 7 | کالج امتحانی فنڈ | 400 | 400 |
| 8 | جرمانہ فنڈ | بمطابق سفارشات کمیٹی | |
| 9 | میگزین فنڈ | 120 | 120 |
| 10 | برقعہ فنڈ | 100 | 100 |
| 11 | جنرل فنڈ | 100 | 100 |
| 12 | یونیورسٹی رجسٹریشن فیس | بمطابق شیڈول یونیورسٹی | |
| 13 | سائنس بریکیج فنڈ | 120 | 120 |
| 14 | کالج سٹوڈنٹ کارڈ فنڈ | 50 | 50 |
| 15 | یونیورسٹی ایفیلیشن فنڈ | 200 | 200 |
| 16 | سپورٹس فنڈ | 180 | 180 |
| 17 | کمپیوٹر فنڈ | 300 | (ADP IT) 300 |

نوٹ: طالبات کو درج بالا سالانہ فیس شیڈول کے علاوہ ہر سمسٹر کی امتحانی فیس یونیورسٹی شیڈول کے مطابق کالج کی طرف سے جاری کردہ چالان کے ذریعے بینک آف پنجاب یزمان میں ادا کرنا ہوگی اور چالان کی کاپی کالج میں جمع کروانا ہوگی۔

## قوانین برائے فیس معافی

1- فیس معافی کی خواہش مند طالبات فیس معافی کی درخواست داخلہ فارم کے ساتھ ہی جمع کروائیں گی۔

2- بعد میں دی گئی درخواست قابل قبول نہیں ہوگی۔

3- درخواست فیس معافی علاقہ کے نمبردار/کونسلر/ چیئرمین عشر کمیٹی سے منظور شدہ ہونا لازم ہے۔

4- طالبات کی کل تعداد کے صرف 10% کی ٹیوشن فیس معاف کی جاتی ہے۔ ٹیوشن فیس کے علاوہ دیگر واجبات کی ادائیگی ہر طالبہ پر واجب ہے۔ ٹیوشن فیس واجبات کے شیڈول میں درج ہے۔

5- یہ رعایت پورے تعلیمی سیشن کے لئے ہوگی۔

6- جن مستحق طالبات کی ٹیوشن فیس معاف نہیں ہوسکتی۔ ان طالبات کی میرٹ کی بنیاد پر ہلال احمر فنڈ سے مدد کی جاتی ہے۔

7- یتیم طالبات کی پوری ٹیوشن فیس معاف ہوگی بشرطیکہ والد کی وفات کا تصدیق نامہ (جاری کردہ میونسپل کمیٹی) کی مصدقہ نقل درخواست کے ساتھ لف ہو۔

8- کسی بھی قسم کا وظیفہ حاصل کرنے والی طالبات کو فیس میں رعایت نہیں دی جائے گی۔

9- کالج ہذا کی ان طالبات کی نصف ٹیوشن فیس معاف ہوگی جن کے بہن یا بھائی سرکاری تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم ہوں اور وہ پوری فیس ادا کر رہے ہوں۔ ایسی صورت میں متعلقہ ادارے کا جاری کردہ سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگا۔

10- داخلی امتحانات میں غیر تسلی بخش کارکردگی، غیر حاضری، غیر قانونی، سیاسی اور تخریبی کاروائیوں میں ملوث ہونے کی صورت میں طالبات سے تمام رعایات و مراعات واپس لے لی جائیں گی۔

## قوانین برائے تبدیلی مضامین

داخلہ کے وقت طالبات مضامین کا انتخاب سوچ سمجھ کر کریں مضامین کا انتخاب کر لینے کے بعد ان میں تبدیلی صرف ناگزیر حالات میں ہی کی جاسکتی ہے۔

درخواست کی شرائط مندرجہ ذیل ہیں:

1- تبدیلی مضمون کی معقول وجہ بیان کی گئی ہو۔

2- سابقہ منتخب کردہ مضمون کے استاد کی سفارش (Recommendation) ہو۔

3- نئے منتخب کردہ مضمون کے استاد کی سفارش (Recommendation) ہو۔

4- درخواست پرنسپل سے منظور شدہ ہو۔

"تبدیلی مضامین کمیٹی" منظور شدہ درخواستوں کی ایک حتمی فہرست نوٹس بورڈ پر آویزاں کرے گی جس میں مقرر وقت کے بعد تبدیلی کی گنجائش نہ ہوگی۔

مضمون تبدیل کرنے والی طالبات سابقہ منتخب کردہ مضمون کی استاد کو مطلع کرنے اور حاضری رجسٹر سے اپنا نام خارج اور نئے منتخب کردہ مضمون کے حاضری رجسٹر میں اپنے نام کا اندراج کروانے کی ذمہ دار ہوں گی۔

متعلقہ استاد کو مطلع نہ کرنے کی صورت میں طالبہ کا نام خارج ہونے یا جرمانے کی تمام تر ذمہ داری طالبہ پر عائد ہوگی۔

حتمی فہرست کو پیش نظر رکھتے ہوئے طالبات کے منتخب کردہ مضامین آن لائن کر دیے جاتے ہیں داخلہ آن لائن ہونے کے بعد بھی اگر کوئی طالبہ مضمون یا گروپ تبدیل کرنا

چاہیے تو مندرجہ بالا تمام مراحل مکمل کرنے کے بعد بورڈ فیس شیڈول کے مطابق فیس چالان ادا کرنا ہوگا۔

## بورڈ فیس شیڈول برائے تبدیلی مضامین

| نمبر شمار | تبدیلی | فیس |
|---|---|---|
| 01 | ایک مضمون | 500روپے |
| 02 | میڈیکل/انجینئرنگ/ICS گروپ کی تبدیلی | 2000روپے |
| 03 | سائنس اور آرٹس گروپ میں تبدیلی | 2500روپے |

نوٹ درجہ بالا شیڈول میں تجویز کردہ فیس کی شرح میں تبدیلی بورڈ نوٹیفکیشن پر منحصر ہے۔ نیا نوٹیفکیشن جاری ہونے کی صورت میں پراسپیکٹس میں درج شیڈول منسوخ تصور ہوگا۔

# یونیفارم، حاضری و رخصت کے قواعد اور جرمانے

## یونیفارم کے قواعد اور جرمانے

تعلیمی اداروں میں یونیفارم کا مقصد غیر طبقاتی ماحول اور نظم و ضبط پیدا کرنا ہے جس کی پابندی طالبات پر لازم ہے۔ طالبات کیلئے ضابطہ یونیفارم درج ذیل ہے۔

1۔ سفید سوتی کپڑے کی کالر/بین اور پورے بازو کی قمیض گھٹنے تک لمبائی

2۔ سفید سوتی کپڑے کی سادہ شلوار

3۔ میڈیکل ماسک

4۔ بغیر ایڑی/بغیر سجاوٹ یا بکل کے سادہ سیاہ جوتے/سیاہ یا سفید جوگر بمعہ سیاہ یا سفید جرابیں

5۔ موسم سرما میں سیاہ جرسی/سویٹر اور سیاہ شال

6۔ بال باندھنے کے لیے صرف سیاہ کلپ/ بوبی پن اور سیاہ ربڑ بینڈ استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

7۔ یونیفارم میں ہر جماعت کے دوپٹے اور سکارف کا رنگ درج ذیل ہے۔

| کلاس | گروپ | دوپٹہ | سکارف |
|---|---|---|---|
| سال اول | پری میڈیکل | ہلکا گلابی | سیاہ |
| | پری انجینئرنگ | ہلکا نارنجی | |
| | آرٹس/جنرل سائنس | میرون | |
| سال دوئم | پری میڈیکل | ہلکا آسمانی | |
| | پری انجینئرنگ | ہلکا جامنی/ کاسنی | |
| | آرٹس/جنرل سائنس | گہرا نیلا | |
| ADP | سمسٹر I,II | بائل گرین | سفید |
| | سمسٹر III,IV | سفید | |

نوٹ: سمسٹر III/IV کی طالبات سفید دوپٹہ پر مختلف رنگوں کے 1 انچ چوڑے ربن لگائیں گی۔ ربن کے رنگ کے لیے متعلقہ انچارج سے رابطہ کریں۔

## یونیفارم خریدتے وقت طالبات درج ذیل ہدایات کو مدنظر رکھیں۔

1۔ باریک کپڑے، گہرا گلا، چست / چھوٹی قمیض پہننے کی اجازت نہ ہوگی۔

2۔ چست پاجامہ یا ٹراؤزر پہننے کی اجازت نہ ہوگی۔

3۔ یونیفارم پر کڑھائی، ڈیزائننگ، لیس کنگری کی اجازت نہ ہوگی۔

4۔ جوتوں میں دیگر رنگوں کا اشتراک و ڈیزائننگ، بکل، نگ وغیرہ کی اجازت نہ ہوگی۔

5۔ کلاسز کے دوران رنگین کپڑے / برقع / گاؤن پہننا منع ہے۔

6۔ کسی بھی قسم کی آرٹیفشل جیولری، سونے کے زیورت اور میک اپ کا استعمال منع ہے۔

7۔ انتہائی ناگزیر حالات میں والدین کی تحریری درخواست کی سربراہ ادارہ سے منظوری کے بعد کانوں میں 1/2 انچ گولائی کی بالیاں پہننے کی اجازت ہے جس کے گم ہونے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری صرف طالبہ اور والدین پر عائد ہوگی۔ ادارے کی انتظامیہ کسی قسم کی گمشدگی اور نقصان کی بھرپائی کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

8۔ سکارف پر کسی قسم کا پرنٹ، کڑھائی، لیس، سجاوٹ اور رنگ برنگے کلپ لگانے کی اجازت نہ ہوگی۔

9۔ سردیوں میں رنگ برنگی شالیں، کڑھائی والی رنگین جرسیاں / سویٹر اور جینز کی جیکٹ پہننے کی اجازت نہ ہوگی۔

10۔ کالج میں طالبات کو کھلے بالوں کے ساتھ آنا منع ہے۔

11۔ طالبات کو میڈیکل ماسک کے علاوہ کوئی ماسک پہننے کی اجازت نہ ہوگی۔

12۔ یونیفارم ضابطے کی خلاف ورزی کرنے والی طالبات کو ڈیوٹی آفیسر درج ذیل شرح سے جرمانہ عائد کرنے کی مجاز ہوگی۔

| نمبر شمار | خلاف ورزی | شرح جرمانہ |
|---|---|---|
| 01 | نامکمل یونیفارم | -/100 روپے |
| 02 | یونیفارم ضابطے کی خلاف ورزی | -/100 روپے |
| 03 | بغیر یونیفارم | -/150 روپے |

## حاضری و رخصت کے قواعد اور جرمانے

1- اشد ضرورت کی بنا پر تمام طالبات کو رخصت پر جانے سے قبل درخواست اُردو / انگریزی کے اساتذہ سے منظور کروانا ضروری ہے۔

2- رخصت کی درخواست پر والد / سرپرست کے دستخط لازمی ہیں۔

3- بعد از رخصت دی جانے والی درخواست قبول نہ کی جائے گی۔

4- طالبہ کی درخواست رخصت کا حاضری رجسٹر میں اندراج طالبہ کی ذمہ داری ہے تاکہ طالبہ کو بعد میں مسائل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

5- طالبات کو ایک ماہ میں زیادہ سے زیادہ 2 چھٹیاں کرنے کی اجازت ہے۔

6- 6 دن تک رخصت کی درخواست وائس پرنسپل سے منظور کروانا ضروری ہے۔

7- طبی بنیادوں پر 6 دن سے زیادہ چھٹی کی صورت میں درخواست کے ساتھ تحصیل کے سرکاری ہسپتال کے سپرنٹنڈنٹ کا جاری کردہ طبی سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ لف کرنا ضروری ہے۔

8- طبی بنیادوں پر رخصت کی درخواست صرف پرنسپل سے توثیق کی صورت میں قبول کی جائے گی۔

9- حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق غیر حاضری کا جرمانہ درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | غیر حاضری | جرمانہ |
|---|---|---|
| 1 | ایک پیریڈ | 5 روپے |
| 2 | تمام دن کلاس سے غیر حاضری | 50 روپے |
| 3 | بغیر رخصت 1 دن غیر حاضری | 10 روپے |

10- ایک ماہ کے دوران کل 10 دن (مسلسل یا غیر مسلسل) غیر حاضری کی صورت میں طالبہ کا نام خارج کر دیا جائے گا۔

## دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کے قواعد

اگر کسی طالبہ کا نام مسلسل غیر حاضری، عدم ادائیگی واجبات یا کسی بھی بے قاعدگی کی بنا پر خارج ہو جائے تو اسے صرف ایک بار دوبارہ داخل کیا جا سکتا ہے۔ بشرطیکہ

1- طالبہ کا نام خارج ہونے کے 15 دن کے اندر دوبارہ داخلے کی درخواست دے دی گئی ہو۔

2- متعلقہ اساتذہ اور دوبارہ داخلہ کمیٹی طالبہ کے داخلے کی سفارش کرتی ہو۔

3- والدین/سرپرست کی طرف سے طالبہ کی آئندہ اصلاح کی تحریری ضمانت کی درخواست پرنسپل سے منظور کروائی گئی ہو۔

4- تمام شرائط مکمل ہونے پر طالبہ کو -/50 روپے دوبارہ داخلہ فیس اور -/100 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

5- دوبارہ داخلہ فیس و جرمانہ کی ادائیگی کے بعد طالبہ کے نام کا اندراج کر لیا جائے گا۔

## کالج ٹیسٹ/ مڈٹرم امتحانات کا شیڈول اور قواعد ضوابط

1۔ تمام طالبات کے لیے ماہانہ کلاس ٹیسٹ، دسمبر ٹیسٹ، پری بورڈ امتحانات /مڈٹرم امتحانات میں حاضر ہونا اور پاس کرنا لازم ہے۔

2۔ امتحانات کا سالانہ شیڈول درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | ماہانہ | کلاس ٹیسٹ |
|---|---|---|
| 1 | دسمبر ٹیسٹ | (60% سلیبس) |
| 2 | پری بورڈ | (100% سلیبس) |
| 3 | مڈٹرم امتحانات ADP | (بمطابق یونیورسٹی شیڈول) |

3۔ان امتحانات میں فیل ہونے والی اور 75% سے کم حاضری والی طالبات کا داخلہ کالج کی طرف سے سالانہ کی بجائے ضمنی امتحان میں بھیجا جائے گا۔

4۔طبی بنیادوں پر کالج امتحانات اور ٹیسٹوں میں غیر حاضر ہونے والی طالبات کو سرکاری ہسپتال کے MS کا جاری کردہ میڈیکل سرٹیفکیٹ درخواست کے ساتھ جمع کروانا لازم ہے۔ورنہ مجوزہ امتحان میں طالبہ فیل تصور کی جائے گی۔مزید برآں صحت یاب ہونے پر طالبہ امتحان پاس کرنے کی پابند ہوگی۔

5۔ADP کے امتحانات یونیورسٹی کے مقررہ کردہ شیڈول کے مطابق سمسٹر سسٹم کے تحت ہوں گے۔

6۔امتحانات کی جوابی کاپی طالبات کو دکھائی جاسکتی ہے۔

7۔کامیابی یا ناکامی کی رپورٹ والدین کو بھیجی جاسکتی ہے۔

8 ۔امتحانی کمیٹی فیل، غیر حاضر یا ناجائز ذرائع استعمال کرنے والی طالبات کو گورنمنٹ کے جاری کردہ درج ذیل شیڈول کے مطابق جرمانے یا تادیبی سزاؤں کا مکمل اختیار رکھتی ہے۔ان تمام سزاؤں کی توثیق پرنسپل سے کروانا ضروری ہے۔

| نمبر شمار | شیڈول | جرمانہ |
|---|---|---|
| 1 | امتحان سے غیر حاضری | -/200 فی پرچہ |
| 2 | امتحان میں فیل ہونے کی صورت میں | -/200 فی پرچہ |
| 3 | ناجائز ذرائع کا استعمال | پرچہ منسوخی + -/200 فی پرچہ |

9- سیشن کے دوران دیر سے داخلہ لینے اور مائیگریشن کروانے والی طالبات پر بھی مندرجہ بالا قواعد لاگو ہوں گے اور طالبات اس سلسلے میں کسی قسم کی عدالتی کاروائی کی مجاز نہ ہوں گی۔

10۔طالبات ہر صورت مارچ/اپریل میں ہونے والے پری بورڈ امتحانات تک کالج آنے کی پابند ہوں گی۔

11 ماہانہ ٹیسٹ کے بعد والدین اور اساتذہ کی میٹنگ (PTM) کا انعقاد کیا جائے گا جس میں والدین کی شرکت لازمی ہے۔

12۔تاہم سیشن کے دوران بھی غیر تسلی بخش کارکردگی کی رپورٹ والدین کو بھیجی جاسکتی ہے۔

## لائبریری کے قواعد وضوابط

طالبات کو لائبریری کی سہولت سے استفادہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اصول وضوابط کی پابندی کرنا ہوگی۔کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ، سزا یا تادیبی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

1۔لائبریری سے کتب جاری کروانے کے لیے طالبات کو لائبریری کارڈ بنوانا ہوگا۔

2۔لائبریری کی ممبر شپ انٹرمیڈیٹ اور ADP کی سطح پر 02 سال کے لیے دی جاتی ہے۔

3۔لائبریری کی ممبر شپ کے لیے طالبہ ایک عدد تصویر مع کوائف لائبریرین کو جمع کروائے گی۔

4۔لائبریری کتب صرف مقررہ دنوں میں جاری کروائی جاسکیں گی۔

5۔لائبریرین شور کرنے اور نظم وضبط خراب کرنے والی طالبہ کو لائبریری سے نکالنے اور جرمانہ کرنے کی مجاز ہوگی۔

6۔ ہر طالبہ صرف اپنے کارڈ پر کتب جاری کروائے گی۔

7۔لائبریری کی کتب ، رسائل، جرائداور اخبارات کے تراشے لینا منع ہے۔

8۔کلاس چھوڑ کر لائبریری میں بیٹھنے کی سختی سے ممانعت ہے۔

9۔ ہر طالبہ کو ایک کتاب 14 دن کے لیے جاری کی جائے گی۔ مقررہ میعاد کے بعد ضرورت کی بنیاد پر کتاب صرف ایک دفعہ دوبارہ جاری کروائی جاسکے گی۔

10۔ نایاب اور ریفرنس کی کتب کسی صورت جاری نہیں کی جائیں گی۔

11- مقررہ میعاد سے زائد کتب رکھنے، کتاب پھٹ جانے یا گم ہوجانے کی صورت میں درج ذیل شرح سے جرمانہ عائد ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | زائد المعیاد کتب | 5 روپے روزانہ |
| 2 | کسی دوسری طالبہ کے کارڈ پر کتب جاری کروانا | 50 روپے |
| 3 | کتاب گم ہونے یا پھٹنے کی صورت میں درج ذیل جرمانے ہونگے | |
| i | 5 سالہ پرانی اشاعت شدہ کتاب | کتاب کی قیمت کا دوگنا |
| ii | 5 سے 10 سالہ پرانی اشاعت شدہ کتاب | کتاب کی قیمت تین گنا |
| iii | 10 سے 15 سالہ پرانی اشاعت شدہ کتاب | کتاب کی قیمت کا چار گنا |
| iv | 15 سال سے زائد پرانی اشاعت شدہ کتاب | کتاب کی قیمت کا پانچ گنا |

12- طالبات لائبریری سیکورٹی فیس واپسی کا فارم سیشن کے اختتام پر کلرک دفتر سے حاصل کریں گی۔

نوٹ! لائبریری سیکورٹی فیس بورڈ/یونیورسٹی کے سالانہ امتحانات کے نتائج کے بعد 1 سال تک وصول کی جاسکتی ہے۔ بصورت دیگر یہ رقم گورنمنٹ کے قوانین کے مطابق بحق کالج ھذا ضبط ہوجائے گی ۔

## کالج سٹوڈنٹ کارڈ

1- کالج سٹوڈنٹ کارڈ مع تصویر 2 سال کیلئے ایشو کیا جاتا ہے جو کہ طالبات کیلئے روزانہ پہننا لازمی ہے۔

2- امتحانات، وظائف، رزلٹ کارڈ، سند کے اجراء اور لائبریری سیکورٹی فیس کے حصول کیلئے کارڈ ہمراہ لانا لازمی ہے۔

3- کالج سٹوڈنٹ کارڈ نہ پہننے کی صورت میں روزانہ کی بنیاد پر 25 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

4- کالج سٹوڈنٹ کارڈ گم ہونے کی صورت میں 100 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

5- سال دوئم اور ADP سمسٹر-IV کی طالبات کا لائبریری سیکورٹی وصول کرنے کیلئے کالج سٹوڈنٹ کارڈ جمع کروانا لازمی ہے۔

## پراکٹوریل بورڈ

کالج میں نظم وضبط قائم رکھنے کیلئے کالج اساتذہ اور طالبات پر مشتمل ایک پراکٹوریل بورڈ موجود ہے۔ تمام کلاسز سے پراکٹر طالبات کا انتخاب ایک سال کیلئے کیا جاتا ہے۔ پراکٹرز کے فرائض اور اختیارات درج ذیل ہیں۔

1- پراکٹر طالبات وقت کی پابندی کرنے اور کروانے کی پابند ہوں گی۔

2- اسمبلی کے وقت ڈیوٹی آفیسرز کی معاونت کریں گی۔

3- کالج کی دیگر طالبات کی غیر اخلاقی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں گی اور بروقت پرنسل صاحبہ اور اساتذہ کو مطلع کریں گی۔

4- کالج میں منعقد ہونے والی تقریبات میں معاونت کرنے کی پابند ہوں گی۔

5- پراکٹر طالبات ہر وقت اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کوشاں رہیں گی۔

6- پراکٹر طالبات کی تحریری رپورٹ مع ثبوت پر کسی بھی قسم کی غیر اخلاقی سرگرمی میں ملوث طالبہ/ طالبات کا نام کالج سے خارج کیا جاسکتا ہے۔

7- پراکٹر طالبات کو ناقص کارگردگی/ اختیارات کے ناجائز استعمال یا کالج کے معاملات کے حوالے سے اساتذہ سے عدم تعاون کی بنا پر اس عہدے سے فارغ کیا جاسکتا ہے یہ اختیار پراکٹوریل بورڈ کو حاصل ہوگا۔ فیصلے کی توثیق پرنسپل صاحبہ سے کروانا لازم ہوگی۔

## طالبات کیلئے ضابطہ اخلاق

طالبات میں نظم وضبط کے قیام کو مدنظر رکھتے ہوئے طالبات کے لئے مندرجہ ذیل اصول وضع کئے گئے ہیں جن پر عمل پیرا ہونا ہر طالبہ کی اولین ذمہ داری ہے۔
"ڈسپلن کمیٹی" ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والی طالبات کو پراسپیکٹس میں درج قوانین کے مطابق سزا اور جرمانہ عائد کرنے کا مکمل اختیار رکھتی ہے۔

**اصول وضوابط:**

1- کالج اوقات کار اور یونیفارم کی پابندی ہر طالبہ پر لازم ہے۔

2- کالج دیر سے آنے کی صورت میں پہلی بار وارننگ اور آئندہ 20 سے 50 روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے۔

3- طالبات کو کلاسز سے غیر حاضر رہنے کی اجازت نہ ہوگی۔

4- کالج کے فرنیچر، پھول پودوں اور دیگر املاک کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی صورت میں تادیبی کاروائی ہوگی۔

5- کالج کے نظم و ضبط میں خلل اندازی کی اجازت نہ ہوگی۔

6- کسی قسم کی مجرمانہ یا غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔

7- کسی طالبہ کو کالج کے پتہ پر ذاتی خط و کتابت سختی سے منع ہے۔

8- ہر طالبہ کو ماسک اور کالج کی طرف سے جاری کردہ شناختی کارڈ پہننا لازم ہے۔

9- طالبات کو کالج میں موبائل فون، کیمرہ، فوٹو البم، میک اپ کا سامان، رنگین کپڑے، زیورات، پھول، کیک، غبارے، ٹیپ ریکارڈر اور MP3 لانا سختی سے منع ہے۔

10- کالج اوقات میں کالج گیٹ کے پاس جانے یا باہر سے کوئی چیز منگوانے کی اجازت نہ ہوگی۔

11- بغیر کام کلرک دفتر جانا سختی سے منع ہے۔

12- کالج میں کسی بھی قسم کی پارٹی یا سالگرہ کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

13- کالج میں ایک دفعہ آجانے والی طالبہ چھٹی سے پہلے واپس نہیں جاسکے گی۔

14- ادارے کے درو دیوار پر لکھنا یا اشتہار لگانا سختی سے منع ہے۔

15- سیاسی، نیم سیاسی گفتگو یا فرقہ ورانہ اجتماع پر پابندی ہے۔

16- اساتذہ کرام کے احکام کی بجا آوری لازم ہے۔ مزید براں کالج ملازمین کے ساتھ بھی شائستگی سے پیش آئیں۔

17- طالبات کو سوشل میڈیا پر کالج کے معاملات کی تشہیر سختی سے منع ہے اگر کوئی طالبہ ملوث پائی گئی تو اس کے خلاف ضابطے کی کاروائی ہوگی۔

18- اساتذہ کے ساتھ جھوٹ بولنا، دھوکہ دینا، اساتذہ کے ساتھ بدتمیزی، ان کی مخصوص کرسی پر بیٹھنا یا اساتذہ کے متعلق طنزیہ واستہزایہ انداز میں گفتگو قابل سزا جرم ہے۔

19- تعلیمی وتربیتی امور میں استاد کی صریح حکم عدولی قابل سزا جرم ہے۔

20- کالج میں گالم گلوچ، سگریٹ نوشی یا منشیات کا استعمال قابل سزا جرم ہے۔

21- کالج حدود میں آتشیں اسلحہ، معمولی اسلحہ یا سامان جس سے لڑائی جھگڑے اور فتنہ فساد میں مدد ملے پاس رکھنا جرم ہے۔

22- پرنسپل صاحبہ کا حوالہ دے کر کسی قسم کا چندہ جمع کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

23- کالج واجبات ادا کئے بغیر دھوکہ دہی سے کلاس میں حاضر ہونا جرم ہے۔

24- اپنے طالب علم ساتھیوں سے مذہب، رنگ، نسل، عقیدہ، زبان یا گروہ کی بنیاد پر نفرت یا تعصب رکھنا جرم ہے۔

25- کسی بھی غیر اخلاقی، ناشائستہ حرکت کا ارتکاب یا کسی بھی قسم کی عریانی وفحاشی کا ارتکاب سختی سے منع ہے۔

26- اپنے نام یا دیگر کوائف چھپانا یا غلط بیانی کرنا جرم ہے۔

27- داخلہ فارم/ درخواست فارم/ دیگر فارم/ اجازت نامہ/ مسودہ پر والد/ سرپرست کے جعلی دستخط جرم ہے۔

28- مندرجہ بالا قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر طالب علم کو جرمانہ / تادیبی کاروائی یا دونوں کیے جاسکتے ہیں۔

خلاف ورزی کرنے والی طالبہ کو کالج کونسل کے سامنے صفائی کا موقع بھی دیا جائے گا تاہم کالج کونسل کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔ کالج کونسل ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے والی طالبہ کا نام خارج کرنے کا مکمل اختیار رکھتی ہے۔

## تادیبی سزائیں

بہاول پور بورڈ اور اسلامیہ یونیورسٹی کے انضباطی قوانین کے مطابق کسی بھی سنگین جرم کی صورت میں طالبہ کے خلاف ڈسپلن کمیٹی/ کالج پرنسپل/ کالج کونسل کی جانب سے کاروائی کیلئے معمول کے عدالتی طریقہ کار کو ملحوظ خاطر رکھنا لازم نہیں ہے نہ کسی طالبہ کو جرح کا حق دینا ضروری ہے۔ حتیٰ کہ رسمی چارج شیٹ کا اجراء بھی لازم نہیں ڈسپلن کمیٹی/ کالج کونسل/ پرنسپل کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کالج کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے طالبہ کو مخصوص سزا سنا سکتی ہیں۔ ایسے کسی بھی فیصلے کے خلاف طالبہ کو عدالت میں جانے کا حق نہ ہوگا۔

## تادیبی سزاؤں کی فہرست درج ذیل ہے۔

1- مخصوص مدت یا غیر معینہ مدت کیلئے زیر مشاہدہ رکھنا۔
2- طالبہ کے نام کا بلیک لسٹ رجسٹر میں اندارج۔
3- کالج میں ملنے والی تمام مراعات سے محرومی۔
4- کھیل یا تعلیم سے متعلق کسی بھی امتیازی سند یا نشان کو جاری نہ کرنا۔
5- پہلے سے اجراء شدہ سرٹیفکیٹ کالعدم قرار دینا۔
6- بلیک لسٹ طالبہ کے ادارہ چھوڑنے کی صورت میں دوبارہ داخلہ نہ دینا۔
7- ایک ہفتے کیلئے کلاس/تجربہ گاہ یا کھیل کے میدان سے باہر نکالنا۔
8- کالج سے چھ ماہ تک کیلئے طالبہ کا نام خارج کرنا۔
9- کالج سے 3 سال تک یا غیر معینہ مدت کیلئے اخراج۔
10 طالبات کی مشکوک، ناپسندیدہ حرکات سکنات اور تادیبی سزاؤں کا کالج کنڈکٹ رجسٹر میں اندارج۔
11- جرمانے وسزا کے رجسٹر میں اندراج۔
12- ہنگامہ آرائی، منشیات، یا دیگر شرانگیز سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی صورت میں حوالہ پولیس۔

نوٹ: ان تمام سزاوں کی توثیق کا اختیار پرنسپل کے پاس ہوگا۔ تمام اخلاقی امور میں پرنسپل کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا۔

## محترم والدین کے لئے ضروری گزارشات

طالبات کی حفاظت، وبائی امراض سے بچاؤ اور کالج کے ڈسپلن کو برقرار رکھنے کے لئے کالج انتظامیہ نے والدین سے مکمل تعاون کی امید رکھتے ہوئے کچھ گزارشات وضع کی ہیں تا کہ کالج کا نظام اور نظم وضبط برقرار رکھا جا سکے۔ تمام تر احتیاطی تدابیر طالبات اور والدین کے مفاد میں ہیں۔

1- طالبات کو کالج اوقات کار کی پابندی کروانے میں کالج انتظامیہ کے ساتھ تعاون فرمائیں۔ طالبات زیرو پریڈ سے صرف آدھا گھنٹہ پہلے کالج آسکتی ہیں اس سے پہلے کالج گیٹ نہیں کھولا جائے گا۔
2- کالج اوقات کار کے آغاز کے 15 منٹ کے بعد گیٹ بند کر دیا جائے گا اور کسی طالبہ کو اندر آنے کی اجازت نہ ہوگی۔
3- طالبات کو رنگین کپڑے، میک اپ اور زیورات پہن کر کالج آنے کی اجازت ہر گز نہ دیں۔
4- چھٹی کے بعد آدھے گھنٹے میں طالبات کو کالج سے لے لیں۔ آدھے گھنٹے کے بعد کالج انتظامیہ ان کی حفاظت کی ذمہ دار نہ ہوگی اور طالبات کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔
5- داخلہ ہونے کے بعد جب تک کلاسز جاری رہیں گی طالبات کی کالج میں حاضری کو یقینی بنائیں۔
6- کالج اوقات کار کے دوران کسی بھی طالبہ کو باہر جانے کی اجازت نہ ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے والی طالبہ کے کیس کے فیصلے کا مکمل اختیار کالج پرنسپل کو حاصل ہوگا۔

7-اپنی بچی کو کالج کے بعد واپسی پر کسی سہیلی کے گھر جانے کی اجازت نہ دیں۔

8- کسی بھی کام کے سلسلے میں تدریسی اوقات کے دوران بچی کو ہرگز لینے نہ آئیں۔

9-انتہائی ناگزیر حالات میں طالبہ کی چھٹی کیلئے والدین تحریری درخواست (پرنسپل سے منظور شدہ) مع والد یا سرپرست کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی دفتر میں جمع کروائیں گے اور طالبہ کو صرف والد/سرپرست کے کوائف کی تصدیق اور درخواست کی منظوری کے بعد جانے کی اجازت ہوگی۔

10-اگر طالبہ گھر میں کالج کے فنکشن/ٹرپ یا کسی بھی اور سرگرمی کا بتا کر رنگین کپڑوں میں کالج آنا چاہے تو برائے مہربانی کالج فون کر کے تصدیق کر لیں۔

11- کھیل کی ٹیم میں شامل طالبات اور ٹرپ پر روانگی سے قبل والدین کی طرف سے تحریری اجازت نامہ لازم ہے۔

12- طالبات کو باور کرائیں کہ کالج کی عمارت، فرنیچر، لائبریری کی کتب قومی اثاثہ ہیں جن کو ضائع کرنا یا خراب کرنا قومی امانت میں خیانت ہے۔

13-طالبات کو موبائل فون اور کیمرے لانے سے منع کریں۔

14- کالج واجبات بروقت ادا کریں بصورت دیگر طالبہ کا نام خارج کر دیا جائے گا۔

15-یونیفارم میں جالی کا دوپٹہ اور ریشمی یا کڑھائی والے کپڑوں کی اجازت نہیں ہے۔ پاجامہ یا پاجامہ نما شلوار پہننے کی اجازت نہیں ہے اور یونیفارم میں کسی قسم کی لیس لگانے کی بھی اجازت نہیں ہے۔

16-والدین کسی بھی سلسلے میں کالج تشریف لانے کی صورت میں اپنا اصل شناختی کارڈ گیٹ پر جمع کروائیں گے جو کہ واپسی پر وصول کیا جا سکتا ہے۔

17-تمام والدین ماہانہ والدین اور اساتذہ کی میٹنگ (PTM) میں اپنی شرکت کو یقینی بنائیں۔

## ادارہ آپ کے تعاون کا مشکور ہوگا

پرنسپل

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین یزمان

## کالج سٹوڈنٹ کارڈ فارم

**Student Card**
**Govt Associate College (W)**
**Yazman**

(بڑے حروف میں لکھیں)

Name:____________________

Class:____________________

Roll #____________________

Cell #____________________

Address____________________

Principal
Govt. Associate College (W)
Yazman









